Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعرات، 26 فروری 2026ء ،8 رمضان المبارک 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 313

غیر ضروری و غیر فعال اسامیوں کا خاتمہ کیا جائیگا

جدید تقاضوں خصوصاً ڈیجیٹل میڈیا سے متعلق نئی اسامیوں کی تخلیق زیر غور ہے، ڈی جی پی آر کی نئی اسٹیٹ آف دی آرٹ عمارت اور محکمہ اطلاعات و ثقافت کی اوور ہالنگ کی جارہی ہے' عظمیٰ بخاری

وزیراعلیٰ پنجاب نے فنکار سپورٹ فنڈ کو 80 ملین روپے سے بڑھا کر 300 ملین روپے کر دیا ہے، ماہانہ مالی امداد کو بھی دوگنا کیا گیا' صوبائی وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ محکمہ اطلاعات عامہ کی موجودہ عمارت کی جگہ ایک جدید، اسٹیٹ آف دی آرٹ، مکمل طور پر ڈیجیٹل اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ نئی عمارت تعمیر کی جائے گی، اس منصوبے کا مقصد محکمہ اطلاعات کے تمام کرائے کے دفاتر کو ایک چھت تلے جمع کرنا ہے تاکہ انتظامی امور میں بہتری اور وسائل کی بچت ممکن ہو سکے، آئندہ (بقیہ نمبر 2)

آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا

اسٹیٹ بینک کا دورۂ حکام سے ملاقات اور مذاکرات

قرض پروگرام کی چوتھی قسط کیلئے تیسرے جائزہ مذاکرات ہوں گے

کراچی (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد پاکستان پہنچ گیا، وفد نے کراچی میں اسٹیٹ بینک کا دورہ کیا اور وہاں حکام سے ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کی چوتھی قسط (بقیہ نمبر 1)

پی ٹی آئی کیلئے ڈیلیا یا ڈھیل کی کوئی گنجائش نہیں، رانا ثنا

سیاسی سائیڈ پر پی ٹی آئی کے لئے ہماری آفر موجود ، پی ٹی آئی سیاسی جماعت کا رویہ اپنائیں اور پارلیمنٹ میں کردار ادا کرے

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم کے مشیر اور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کیلئے ڈیل یا ڈھیل کی کوئی گنجائش نہیں، ایک ہی راستہ پارلیمنٹ اور سیاسی ڈائیلاگ ہے اور کوئی راستہ نہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ (بقیہ نمبر 5)

داجل خودکش دھماکے کے پولیس شہدا کی نماز جنازہ ادا

نماز جنازہ میں آئی جی پنجاب اور آر پی سرگودھا، پولیس افسران، جوانوں، معززین علاقہ اور شہداء کے اہل خانہ نے شرکت کی

بھکر (اے ایف پی) بھکر خودکش دھماکہ میں شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس لائنز بھکر میں ادا کر دی گئی۔ آئی جی پنجاب اور آر پی سرگودھا کا جائے (بقیہ نمبر 4)

وزیر اعظم دورہ قطر مکمل کر کے اسلام آباد پہنچ گئے

امیر قطر نے اقتصادی شراکت داری کو اعلیٰ اسٹریٹجک سطح تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ اور قریبی روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف دورہ قطر مکمل کر کے اسلام آباد پہنچ گئے اپنے دورے کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف نے امیر قطر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کی جس میں امیر قطر نے اقتصادی شراکت (بقیہ نمبر 3)

حکومتِ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ اور متعلقہ اداروں میں گورننس اور ڈیجیٹائزیشن کو بہتر بنانے کے لیے تاریخی اصلاحات متعارف کروا رہی ہے

ورکرز ویلفیئر فنڈ میں اصلاحات جاری ہیں

اسپین حکومت کے ساتھ کامیاب مذاکرات ہوئے ہیں جس کے نتیجے میں اسپین میں مقیم تقریباً 20,000 پاکستانیوں کو قانونی حیثیت فراہم کی جائے گی اور انہیں رہائشی اجازت نامے دیے جائیں گے

وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین کی اسلام آباد میں پاکستان گورننس فورم 2026- کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این ای این) حکومت بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے حقوق کے تحفظ اور متعلقہ اداروں میں گورننس اور ڈیجیٹائزیشن کو بہتر بنانے کے لیے تاریخی اصلاحات متعارف کروا رہی ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین نے بدھ کو اسلام آباد میں پاکستان گورننس فورم 2026- کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورننس اور شفافیت کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرکاری سطح پر پالیسیوں کی ایک مشترکہ مدت ہونی چاہیے تاکہ کاروباری حضرات کو پالیسیوں کی پائیداری کا یقین ہو۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ اس سے تسلسل یقینی ہے گا اور سرمایہ کاروں اور (بقیہ نمبر 3)

وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین پاکستان گورننس فورم کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب میں انفراسٹرکچر اور ڈیزائن سٹینڈرائزیشن کا فیصلہ

یکساں ترقی اور ڈسپلن کے لئے ون پنجاب ون سٹینڈرڈ کی پالیسی اپنانے کی منظوری دے دی

سکول، ہسپتال، بس سٹاپ اور دیگر عمارتوں کے ڈیزائن کی سٹینڈرائزیشن کی جائے گی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں انفراسٹرکچر اور ڈیزائن سٹینڈرائزیشن کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں متعلقہ حکام نے انفراسٹرکچر سٹینڈرائزیشن کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں یکساں معیار بنانے کے لیے تاریخی اصلاحات متعارف کروا رہی ہے۔ یہ بات وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی، چوہدری سالک حسین نے بدھ کو اسلام آباد میں پاکستان گورننس فورم 2026- کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورننس اور شفافیت کی اور کیساں ترقی اور ڈسپلن (بقیہ نمبر 20)

عمران خان کو جیل سے کہاں منتقل کیا جائے؟ درخواست دائر

درخواست سپریم کورٹ رولز 2025 رول 35 چھ کے تحت دائر کی گئی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اڈیالہ جیل سے منتقل کرنے کے حوالے سے ایک اہم درخواست سپریم کورٹ میں دائر کی گئی (بقیہ نمبر 2 1)

کردی گئی۔ تحصیلات کے مطابق توشہ خانہ فوجداری کیس میں ایک متفرق درخواست سپریم کورٹ میں دائر کی گئی

پنجاب حکومت کے نئے خریدے گئے جہاز کا معاملہ اسمبلی پہنچ گیا

اپوزیشن پارٹی کی رکن نے جہاز پر سفر کی اجازت مانگ لی، اپوزیشن اراکین نے کاغذ کے جہاز بنا کر اپنے مائیک پر گرا دیئے

اگر بلاول بھٹو سندھ حکومت کا جہاز لے کر یہاں پھر سکتے ہیں تو جہاز پنجاب حکومت کا ہے جیسے مرضی استعمال کرے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے نئے خریدے گئے جہاز کا معاملہ اسمبلی میں پہنچ گیا، حکومت کی اتحادی پیپلز پارٹی کی خاتون رکن شازیہ عابد نے جہاز پر سفر کرنے کی اجازت مانگ لی، اپوزیشن اراکین نے کاغذ کے جہاز بنا کر اپنے اپنے مائیک پر گرا دیئے۔ جناب اسمبلی اجلاس میں حکومتی اتحادی پیپلز پارٹی کی خاتون رکن شازیہ عابد نے حکومت کی جانب سے خریدے گئے نئے جہاز کا معاملہ اٹھایا تو اپوزیشن اراکین نے ڈیسک بجا کر اور شور مچا کر ان کی تضحیک کی۔ شازیہ عابد ایوان میں کیا کہہ کر کسی مہمان نے بتوجی (بقیہ نمبر 4)

لاہور: ڈپٹی سپیکر جناب اسمبلی ظہیر اقبال چیز اجلاس میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

جعلی ویکسین سرٹیفکیٹ جاری کرنے والا اکاؤنٹ پکڑا گیا

راولپنڈی (این این آئی) مری روڈ پر نجی لیب سے جعلی ویکسینیشن سرٹیفکیٹ تیار کرنے والا اکاؤنٹ پکڑا گیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی نے نجی لیب پر کارروائی کرتے ہوئے دستاویزات، جعلی مہریں اور دیگر سامان ضبط کر لیا۔ محکمہ صحت کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی درخواست پر نجی لیب کے 3 ملازمین کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 15)

گردے فروخت کرنیوالے گینگ کے ہاتھوں شہری اغواء

مقدمے میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ ایکٹ کی دفعات بھی شامل ۔

راولپنڈی (این این آئی) گردوں کی غیر قانونی پیوند کاری اور غیر قانونی گردہ فروخت کرنے والے گینگ کے ہاتھوں شہری کے اغوا کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹ (بقیہ نمبر 2 2)

اٹلی کا پاکستانی سکلڈ لیبر کو ساڑھے 10 ہزار ویزے دینے کا اعلان

وزیر داخلہ کی اطالوی ہم منصب سے ملاقات، غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام اور لیگل مائیگریشن کے فروغ پر تفصیلی مذاکرات

پاکستان کے ساتھ مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے تیار ہیں، وزیر داخلہ اٹلی میٹیو پینٹے

روم (اے ایف پی) اٹلی کے وزیر داخلہ میٹیو پینٹے نے کہا ہے کہ لیگل مائیگریشن کیلئے پاکستانی سکلڈ ورکرز کو ویزے سے آسانی دیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اطالوی وزیر داخلہ میٹیو پینٹے کو پاکستان کے ساتھ مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے تیار ہیں، وزیر داخلہ اٹلی میٹیو پینٹے کے پاکستانی ڈپلومیٹک پاسپورٹ والوں کو ویزے سے استثنیٰ دیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اطالوی وزیر داخلہ میٹیو پینٹے کو سے اہم ملاقات کی، جس میں پاکستان اور اٹلی کے درمیان داخلی سیکیورٹی تعاون، غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام (بقیہ نمبر 9)

وزیر دفاع کی کاروان اختر سے ملاقات، معاشی ترقی پر تبادلہ خیال

ٹیکس میں نرمی اور مراعات سے متعلق تجاویز پر زور دیا، حکومت عملی اور ترقی پسند اقدامات کو بجٹ کا حصہ بنانے کیلئے پرعزم ہے، ہارون اختر

جب تک کاروباری برادری کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم نہیں کی جائینگی، ملک پائیدار ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن نہیں ہو سکتا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے وزیر اعظم کے خصوصی معاون برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترقی، برآمدات کے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کے بھی شرکت کی اور (بقیہ نمبر 2 3)

سوات میں مختلف واقعات میں 3 افراد جاں بحق، ایک زخمی

سوات (این این آئی) مالیہ 24 گھنٹوں میں سوات کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں 3 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوا، پولیس اور ریسکیو 1122 حکام نے تصدیق کی ہے۔ خوازہ خیلہ کے علاقے بابڑ و ڈھیر میں ایک تیز رفتار کار نے نوجوان کو کچل مارا، جس کے نتیجے میں ایک نوجوان جاں (بقیہ نمبر 10)

ڈاکٹر ناصر محمود بشیر ممبر (جوڈیشل) بورڈ آف ریونیو پنجاب تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تقرری کے مختلف کیڈر 02 کے افسران ڈاکٹر ناصر محمود بشیر ممبر (جوڈیشل) بورڈ آف ریونیو پنجاب تعینات کر دیا ۔اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔

لاہور ہائیکورٹ بار کے انتخابات 28 فروری کو ہوں گے

32 ہزار 488 ووٹرز حق رائے دہی استعمال کریں گے

صدر کے عہدے سمیت 4 نشستوں کے لئے 18 امیدوار مدمقابل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 28 فروری کو ہوں گے، 32 ہزار 488 ووٹرز حق رائے دہی استعمال کریں گے، (بقیہ نمبر 6)

جوڈیشل کمپلیکس میں فائرنگ، زیر حراست ملزم جاں بحق

فریقین کے مابین قتل کے مقدمے کی سابقہ دشمنی چلی آ رہی تھی، پولیس

چارسدہ (این این آئی) جوڈیشل کمپلیکس میں فائرنگ سے چیچی پر لایا گیا زیر حراست ملزم موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق چارسدہ جوڈیشل کمپلیکس میں (بقیہ نمبر 7)

لاہور: صوبائی وزیر جیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کو گورنمنٹ گریجویٹ ڈگری کالج مرغزار میں پیمرا پس سیمینار کے موقع پر پرسپل روبینہ کمال سوینیئر پیش کر رہی ہیں

گردے فروخت کرنیوالے گینگ کے ہاتھوں شہری اغواء

مقدمے میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ ایکٹ کی دفعات بھی شامل

راولپنڈی (این این آئی) گردوں کی غیر قانونی پیوند کاری اور غیر قانونی گردہ فروخت کرنے والے گینگ کے ہاتھوں شہری کے اغوا کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مقدمے میں 109 سیت پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ ایکٹ کی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں۔ یہ دفعات پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی کے خلاف پر شامل کی (بقیہ نمبر 24)

خیبر گاڑیوں کی ضرورت پڑنے پر چلی امن سے گاڑیاں لی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سرکاری ذرائع نے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کیلئے خیبر گاڑیوں کی ضرورت پڑنے پر چلی امن سے گاڑیاں لی گئیں ۔ڈیرہ اسماعیل خان پولیس نے سابق وزیراعلیٰ علی (بقیہ نمبر 2 5)

وزیر بلدیات کا نو تشکیل شدہ ستھرا پنجاب اتھارٹی کا دورہ

ہر تحصیل کی آبادی، سڑکوں کی لمبائی، یونین کونسلوں کی تعداد اور ریسورسز کا تفصیلی ڈیٹا طلب

عیدالفطر کی چھٹیوں کے لئے صفائی پلان ابھی سے تیار کر لیا جائے صوبائی وزیر ڈیپٹی رفیق کی ہدایت

شرقپور شریف: ریسکیو ایکوا رسکیو ٹیل بازی کا سامان بنانے والے کارخانے میں دھماکے سے جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ہسپتال منتقل کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ڈیپٹی رفیق نے نوتشکیل شدہ ستھرا پنجاب اتھارٹی کے آفس کا دورہ کر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ آسیہ گل اور ایڈیشنل سیکرٹری احمر سہیل کیلئی بھی موجود تھے۔ نیٹ مسلم فائون میں واقع اتھارٹی کے آفس آمد پر ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین نے صوبائی وزیر کا استقبال کیا۔ وزیر بلدیات ڈیپٹی رفیق نے بعد ازاں پنجاب اتھارٹی کی فرائز پشن کا عمل جلد مکمل کرایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل سطح پر جو سائل ماہ رواں میں مکمل کر دیے (بقیہ نمبر 26)

43 سالہ شادی شدہ خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل

آٹھ بچوں کی ماں کا قتل شادی شدہ نوجوان سے ٹک ٹاک پر دوستی کا شاخسانہ نکلا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ گوجر خان کے علاقے میں 43 سالہ شادی شدہ خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل ہو گیا۔ پولیس نے قتل میں ملوث مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، معاملہ سوشل میڈیا ٹک ٹاک پر ملاقات میں مقیم شادی شدہ شخص سے (بقیہ نمبر 1 1)

دہشتگردوں نے خواتین و بچوں سمیت بلوچ خاندان کو قتل کر دیا

بلیدہ کے علاقے بیناز میں ایک گھر پر مارٹر گولہ اور فائرنگ سے حملہ کیا گیا

بلیدہ (این این آئی) قلات بلند وستان کے دہشت گردوں نے خواتین و بچوں سمیت بلوچ خاندان کو قتل کر کے جلا دیا۔ تحصیل بلیدہ کے علاقے بیناز میں ایک گھر پر مارٹر گولہ اور فائرنگ سے حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے خواتین و بچوں سمیت 6 افراد جاں (بقیہ نمبر 8)

وساکھی میلہ بھارت سے 3 ہزار سکھ یاتریوں کی آمد کا امکان

امریکہ، کینیڈا، یو کے، جرمنی، فرانس، ملائیشیاء، آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک سے بھی پاکستان آئیں گے

وساکھی میلہ اور خاصہ جنم دن کی مرکزی تقریب 14 اپریل کو گوردوارہ پنجہ صاحب حسن ابدال میں منعقد ہوگی

لاہور (این این آئی) سکھ مذہب کے 327 ویں وساکھی میلہ و خالصہ جنم دن کی تقریبات کے انتظامات کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی اجلاس متروکہ وقف املاک بورڈ کے ہیڈ آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایڈیشنل سیکرٹری شرائن مہر مشتاق نے کی۔ اجلاس میں پولیس، رینجرز، کسٹمز، ایکسائز، ریسکیو 1122، سول گیس، محکمہ صحت اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ضلعی و صوبائی انتظامی (بقیہ نمبر 2)

سیکرٹری ایجوکیشن ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھوندگل، اوقاف کے افسران و ملازمین سے خطاب کر رہے ہیں

ایک کروڑ 90 لاکھ کا چاول بغیر پیمنٹ اٹھائے جانے کا انکشاف

پوری رات اسٹاک لوڈ ہوتا رہا، پولیس صبح آئی، پی اے سی اجلاس

لاہور (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں ایک رائس مل سے ایک کروڑ 90 لاکھ روپے کے چاول بغیر مکمل ادائیگی کا انکشاف ہوا ہے۔ (بقیہ نمبر 9)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

رمضان میں منافع خوری

رمضان المبارک کو شروع ہوئے ایک ہفتہ گزر چکا ہے لیکن حکومت کے مہنگائی پر قابو پانے اور سرکاری نرخوں پر اشیائے خورونوش کی دستیابی یقینی بنانے کے اعلانات کے باوجود بازاروں میں منافع خوری بدستور جاری ہے۔ سرکاری ریٹ لسٹ محض کاغذی کارروائی بن کر رہ گئی ہے اور شہری عملاً منڈی کے رحم وکرم پر ہیں۔ خبروں کے مطابق پیر کے روز لاہور کی مارکیٹوں میں پیاز 53 روپے فی کلو کی سرکاری قیمت کے بجائے 80 روپے تک' ٹماٹر 55 روپے کے بجائے 100 روپے تک' لہسن 530 کے بجائے 650 روپے' ادرک 290 کے بجائے 430 روپے اور لیموں چائنہ 65 کے بجائے 140 روپے میں فروخت ہوئے۔ دیگر سبزیوں اور پھلوں کی صورتحال بھی مختلف نہیں۔

قیمتوں میں یہ فرق کسی ایک شہر کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ ملک بھر میں یہ منظم منافع خوری جاری ہے۔ رمضان المبارک میں طلب میں فطری اضافہ ہوتا ہے' جس سے فائدہ اٹھا کر مصنوعی قلت پیدا کی جاتی ہے۔ پرائس کنٹرول کے روایتی اور نمائشی اقدامات اس پیچیدہ مسئلے کا حل نہیں۔ ضروری ہے کہ حکومت منافع خوری کے تدارک کیلئے ایک جامع اور پائیدار حکمت عملی اختیار کرے۔ حکومت کو رسد کے نظام کو مستحکم کرنے، منافع خور مافیا کے گٹھ جوڑ کو توڑنے اور پرائس کنٹرول کو حقیقی معنوں میں نافذ کرنے کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ عوام کو ریلیف میسر آسکے۔

جدیدیت، خود انحصاری اور پاک فضائیہ کی بصیرت افروز قیادت

نازیہ مصطفیٰ

قومی سلامتی کا تصور اب صرف سرحدوں کے دفاع تک محدود نہیں رہا۔ بدلتی ہوئی جنگی حکمت عملی، ٹیکنالوجی کی برق رفتاری اور ملٹی ڈومین خطرات نے دفاع کے مفہوم کو وسعت دے دی ہے۔ ایسے ماحول میں پاک فضائیہ نے گزشتہ ایک دہائی کے دوران جس جامع جدیدیت، خود انحصاری اور بصیرت افروز قیادت کا مظاہرہ کیا ہے، وہ پاکستان کی دفاعی حکمت عملی کا مرکزی ستون بن چکا ہے۔

یہ امر بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ پاک فضائیہ نے جدیدیت کی جانب سفر کا آغاز منظم انداز میں کیا۔ گزشتہ دس برسوں میں پاک فضائیہ نے مرحلہ وار اور مربوط انداز میں اپنی قوت کو جدید خطوط پر استوار کیا ہے۔ جدید لڑاکا طیاروں کی شمولیت، بغیر پائلٹ فضائی نظام، مربوط ایئر ڈیفنس نیٹ ورک اور پریسیون گائیڈڈ امیونیشنز کی شمولیت نے فضائی قوت کو نئی جہت دی ہے۔ اس جدیدیت کا مقصد صرف ہتھیاروں کا اضافہ نہیں بلکہ ایک مکمل، مربوط اور نیٹ ورک سینٹرک فورس کی تشکیل تھا۔

ایئر ڈیفنس سسٹمز کی اپ گریڈیشن نے فضائی نگرانی اور روگمل کے وقت کو کم سے کم کر دیا ہے۔ جدید ریڈارز، ایئر بورن ارلی وارننگ پلیٹ فارمز اور کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز نے فیصلہ سازی کے عمل کو تیز اور مؤثر بنایا ہے۔ اب فضائی دفاع ایک ہمہ گیر نظام کی صورت اختیار کر چکا ہے جس میں معلومات، نگرانی اور روگمل ایک مربوط زنجیر کا حصہ ہیں۔

عصر حاضر کی جنگ صرف زمین اور فضا تک محدود نہیں رہی۔ سائبر اسپیس اور خلا بھی دفاعی حکمت عملی کا حصہ بن چکے ہیں۔ پاک فضائیہ نے سائبر اور اسپیس ڈومین کی اہمیت کو بروقت بھانپتے ہوئے اس میں پیش رفت کا آغاز کیا اور اب تک پاک فضائیہ نے ان شعبوں میں قابل ذکر پیش رفت کر لی ہے۔ سائبر سکیورٹی یونٹس، ڈیجیٹل کمانڈ انفراسٹرکچر اور محفوظ ڈیٹا لنکس نے آپریشنل تیاری کو نئی مضبوطی فراہم کی ہے۔

اسپیس بیسڈ نگرانی اور سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کے استعمال سے صورتحال کا ادراک مزید بہتر ہوا ہے۔ یہ پیش رفت اس بات کی علامت ہے کہ پاک فضائیہ بدلتے ہوئے عالمی رجحانات سے ہم آہنگ رہتے ہوئے اپنی حکمت عملی کو وسعت دے رہی ہے۔

خود انحصاری کسی بھی دفاعی قوت کی پائیداری کی ضمانت ہوتی ہے۔ اسی حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاک فضائیہ نے مقامی سطح پر تحقیق و ترقی کو فروغ دیا۔ پاک فضائیہ کے زیر انتظام چلنے والا ادارہ "نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک" اس وژن کی عملی تصویر ہے جہاں مقامی انجینئرز، سائنس دان اور نوجوان ماہرین جدید فضائی ٹیکنالوجی کی تیاری میں مصروف عمل رہتے ہیں۔

مقامی سطح پر ڈرون پروگرامز، ایویانکس سسٹمز اور پریسیون ہتھیاروں کی تیاری نے نہ صرف درآمدی انحصار کم کیا ہے بلکہ قومی معیشت اور ٹیکنالوجی سیکٹر کو بھی تقویت دی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ "پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس" نے مقامی سطح پر طیاروں کی تیاری، اپ گریڈیشن اور مرمت کے شعبے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ ان اقدامات نے یہ ثابت کیا کہ دفاعی طاقت صرف خریدی نہیں جاتی بلکہ تعمیر بھی کی جاتی ہے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ کسی بھی ادارے کی سمت کا تعین اس کی قیادت کرتی ہے۔ موجودہ دور کو دیکھا جائے تو ایئر چیف ظہیر احمد بابر سدھو کی سربراہی میں پاک فضائیہ کی پرعزم قیادت نے دانشمندانہ فیصلے کرتے ہوئے معیار، صلاحیت اور لاگت کے توازن کو ترجیح دی۔ جدید پلیٹ فارمز کی شمولیت میں احتیاط، متاثر حل کی حوصلہ افزائی اور طویل المدتی منصوبہ بندی اس وژن کی جھلک ہے۔

پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ نے اس بات کو یقینی بنایا کہ جدیدیت محض نمائشی نہ ہو بلکہ آپریشنل ضرورت سے ہم آہنگ ہو۔ ٹریننگ ڈاکٹرائن کو اپ ڈیٹ کیا گیا ہے، سمیولیٹر بیسڈ تربیت کو فروغ دیا گیا ہے اور بین الاقوامی معیارات کے ذریعے پائلٹس کو عالمی معیار کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔

ٹیکنالوجی اپنی جگہ اہم ہے، مگر اس کا مؤثر استعمال انسانی مہارت پر منحصر ہوتا ہے۔ پاک فضائیہ نے اپنے افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ فلائنگ آورز، تکنیکی کورسز، انجینئرنگ مہارت اور لیڈرشپ ٹریننگ نے ایک ایسے انسانی سرمایہ کو جنم دیا جو جدید نظاموں کو مؤثر انداز میں استعمال کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسی انسانی مہارت کا مظاہرہ مختلف آپریشنز اور مشقوں میں بارہا ہو چکا ہے، جہاں پاک فضائیہ نے پیشہ ورانہ معیار اور نظم وضبط کا ثبوت دیا۔

خود انحصاری کا مطلب عالمی تعاون سے لاتعلقی نہیں۔ پاک فضائیہ نے درآمدی جدید پلیٹ فارمز اور مقامی طور پر تیار کردہ نظاموں کے درمیان ایک متوازن امتزاج قائم کیا ہے۔ یہ توازن نہ صرف آپریشنل صلاحیت کو بڑھاتا ہے بلکہ ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مقامی مہارت کے فروغ کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ یہ حکمت عملی اس امر کی عکاس ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار اور حقیقت پسندانہ دفاعی پالیسی پر عمل پیرا ہے، جہاں وسائل کا مؤثر استعمال اور طویل المدتی استحکام کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔

جنوبی ایشیا میں بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر ایک مضبوط اور قابلِ اعتماد فضائی طاقت کا وجود ناگزیر ہے۔ پاک فضائیہ نے اپنی جدیدیت اور خود انحصاری کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف دفاعی تقاضوں کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے بلکہ خطے میں اسٹریٹجک استحکام کی ضامن بھی ہے۔

ایک جدید فضائی قوت کا مقصد محض عسکری برتری نہیں بلکہ امن کا تحفظ بھی ہوتا ہے۔ مضبوط ڈیٹرنس وژن کو مہم جوئی سے روکتی ہے اور طاقت کا توازن برقرار رکھتی ہے۔

آج جب ہم پاک فضائیہ کی کامیابیوں اور جدیدیت کے سفر پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ واضح ہوتا ہے کہ یہ ایک جاری عمل ہے۔ نئے تحقیقی منصوبے، مقامی صنعت کا فروغ، سائبر اور اسپیس شعبوں میں مزید سرمایہ کاری اور نوجوان انجینئرز کی شمولیت اس امر کی علامت ہے کہ پاکستان کا دفاعی مستقبل مضبوط ہاتھوں میں ہے۔

سالگرہ اور یادگار دن محض تقریبات نہیں ہوتے بلکہ یہ ہمیں عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ پاک فضائیہ کی جدیدیت اور خود انحصاری کا سفر دراصل قومی خودمختاری کے تحفظ کی کہانی ہے۔ اس کہانی کی بنت میں پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی بصیرت افروز قیادت نے اہم کردار ادا کیا ہے

یہ کہانی اس بات کا اعلان ہے کہ پاکستان کی فضائیں محفوظ ہیں، اس کی دفاعی سوچ جدید ہے اور اس کی قیادت مستقبل بین ہے۔ جدیدیت، خود انحصاری اور بصیرت افروز قیادت کے اس امتزاج نے پاک فضائیہ کو ایک باوقار، مضبوط اور قابلِ اعتماد فضائی قوت میں تبدیل کر دیا ہے اور یہی قوت بازو، قومی دفاع کے مستقبل کی سب سے بڑی ضمانت ہے۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
باقاعدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

رپورٹ: محمد فیصل ندیم

راول انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز میں بی ڈی ایس بیچ 2026 کی اورینٹیشن، وائٹ کوٹ اور حلف برداری کی پروقار تقریب

وائٹ کوٹ اور حلف برداری سے نئے تعلیمی سفر کا آغاز | طلبہ کا پیشہ ورانہ اخلاقیات اور خدمت انسانیت کا عہد | چیئرمین و انتظامیہ کی شرکت، طلبہ کے روشن مستقبل کی دعا | جدید طبی تعلیم کے ساتھ کردار سازی پر خصوصی

راول انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز (RIHS) میں بی ڈی ایس بیچ 2026 کی اورینٹیشن، وائٹ کوٹ اور حلف برداری کی باوقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں نئے داخل ہونے والے طلبہ، ان کے والدین اور فیکلٹی ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا مقصد طلبہ کو ان کی پیشہ ورانہ زندگی کے نئے سفر سے روشناس کرانا اور انہیں دندان سازی کے شعبے میں اعلیٰ اخلاقی و پیشہ ورانہ معیارات کی پاسداری کا عہد دلانا تھا۔

تقریب کے دوران طلبہ کو وائٹ کوٹ پہنایا گیا جو ان کے عملی اور پیشہ ورانہ سفر کے باقاعدہ آغاز کی علامت ہے۔ بعد ازاں پرنسپل بی ڈی ایس پروگرام نے طلبہ سے حلف لیا، جس میں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے پیشے میں دیانتداری، مہارت، ذمہ داری اور مریضوں کے ساتھ ہمدردانہ رویے کو ہمیشہ مقدم رکھیں گے۔

اس پروقار موقع پر چیئرمین آر آئی ایس خاقان وحید خواجہ، کوچیئرپرسن صالحہ خاقان خواجہ، ڈائریکٹر آر آئی ایچ ایس و ہاسٹل عمارہ حیات اور ڈائریکٹر آر آئی ایچ ایس امائمہ خاقان سمیت دیگر سینئر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ معزز مہمانوں نے اپنے خطاب میں نئے طلبہ کو خوش آمدید کہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ مستقبل میں نہ صرف کامیاب ڈینٹل سرجن بنیں گے بلکہ انسانی خدمت کے جذبے کو بھی فروغ دیں گے۔

مقررین کا کہنا تھا کہ راول انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز جدید طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ کردار سازی اور پیشہ ورانہ اخلاقیات پر خصوصی توجہ دیتا ہے تاکہ طلبہ کو ایک جامع اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ محنت، لگن اور نظم و ضبط کو اپنا شعار بنائیں اور اپنے والدین اور اساتذہ کا نام روشن کریں۔

تقریب کے اختتام پر طلبہ اور ان کے والدین نے ادارے کی کاوشوں کو سراہا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ یوں بی ڈی ایس بیچ 2026 کے لیے ایک نئے اور پُرعزم تعلیمی سفر کا باقاعدہ آغاز ہو گیا۔

بقیہ 1

کے لیے ضروری تمام تر اقدامات کر ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف کے بیشتر اہداف حاصل کر لیے ہیں جس کے نتیجے میں پہلے پاکستان کو اسٹاف لیول معاہدے کی توقع ہے اور 1.2 ارب ڈالرز تک کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے وفد کا دورہ پاکستان 11 مارچ تک ہو گا۔ ذرائع کے مطابق نمائندہ آئی ایم ایف کے وفد کو جو ذمہ داری سونپی گئی ہے وہ کارکردگی کا جائزہ لینا ہے اور اس میں پاکستان کو اسٹاف لیول معاہدے کے تحت کارکردگی کا جائزہ لینا ہے اور اس میں پاکستان کو کامیابی کا سامنا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جو معاہدے طے ہیں ان کی تکمیل کا ہدف ہو گی۔ مشن کو تمام اصلاحات، توانائی کے شعبے، پنشنرز پالیسی اور زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق تمام شرائط پر عملدرآمد کی جانے کی رپورٹ دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک کے ماہرین کی بھرپور کوشش ہے کہ ماہرین کی ٹیم کو مطمئن کیا جائے۔ اسٹیٹ بینک کے ماہرین آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کے ساتھ جو معاہدے طے ہیں ان کی تکمیل کا ہدف ہو گی۔ مشن کو تمام اصلاحات، توانائی کے شعبے، پنشنرز پالیسی اور زرمبادلہ کے ذخائر سے متعلق تمام شرائط پر عملدرآمد کی جانے کی رپورٹ دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کے وفد کا دورہ پاکستان 11 مارچ تک ہو گا۔ ذرائع کے مطابق نمائندہ آئی ایم ایف کے وفد کو جو ذمہ داری سونپی گئی ہے وہ کارکردگی کا جائزہ لینا ہے اور اس میں پاکستان کو کامیابی کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک کے ماہرین آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ

حکومتی پالیسیوں عام آدمی مہنگائی کی چکی میں پس گیا

ہر 10 میں سے 3 پاکستانی ماہانہ 8 ہزار روپے میں گزارہ کررہے ہیں، سابق وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل

مہنگائی اتنی ہوگئی ہے کہ لوگوں نے اپنی خوراک کم کردی ہے، حکومت کے پاس کوئی جواز نہیں، کنفیوژن

اسلام آباد (اے ایف پی) عام پاکستان پارٹی کے رہنما اور سابق وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیوں سے غریب آدمی مہنگائی کی چکی میں پس کر رہ گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہر 10 میں سے 3 پاکستانی ماہانہ 8 ہزار روپے میں گزارہ کررہے ہیں۔ مفتاح اسماعیل نے موجودہ حکومت کی کارکردگی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی پالیسیوں سے امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہوتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اشرافیہ مزے کررہے ہیں اور غریب مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے، مہنگائی اتنی ہوگئی (بقیہ نمبر 2 7)

2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کرکے 3 کلو زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق وارنٹ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 1 کلو 840 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 3 کلو 660 گرام چرس برآمد کی ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے (بقیہ نمبر 2 9)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان گرفتار کرلئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ سول لائنز اور مندرہ کے علاقوں میں کی گئیں، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل پولیس نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

40 روز کے دوران شہر بھر سے 365 پیشہ ور بھکاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 40 روز کے دوران شہر بھر سے 365 پیشہ ور بھکاری گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او اسد خالد محمود ہمائی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 40 روز کے دوران شہر بھر سے 365 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد میں (بقیہ نمبر 3 2)

رواں ماہ 67 ہزار سے زائد شہریوں کو لائسنسنگ سہولیات فراہم

13 ہزار 5 سو سے زائد شہریوں کو نئے ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) سی ٹی او راولپنڈی کی ہدایات پر رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو لائسنسنگ سروسز کی فراہمی کا سلسلہ تسلسل کیساتھ جاری ہے، رواں ماہ 67 ہزار 300 سے زائد خطریں کو لائسنسنگ سہولیات کی فراہمی کی گئی اور 13 ہزار 5 سے زائد شہریوں کو نئے ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او راولپنڈی (بقیہ نمبر 2 8)

تھانہ مورگاہ پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے چھینا گیا موبائل فون اور مسروقہ رقم برآمد

خانیوال، سی سی ڈی، پولیس وملزمان میں 6 مقابلے

3 ڈکیت ہلاک، 5 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لئے گئے

ٹوانہ شہر (این این آئی) کبیر والا سمیت ضلع خانیوال کے مختلف علاقوں میں سی سی ڈی مقامی پولیس اور ملزمان کے درمیان 6 مقابلوں میں 3 دیگر زمانہ منشیات فروش اور ڈکیت مارے گئے جبکہ مطلوب 5 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کرلئے گئے تفصیل (بقیہ نمبر 3 0)

پنجاب بھر میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی عائد

قانون نافذ کرنے والے ادارے پابندی سے متعلق قرار جگم نامہ جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی عائد کر دی۔ سی آر پی سی کی دفعہ 144 کے تحت ڈرون فلائٹ پر پابندی عائد کی گئی ہے، محکمہ داخلہ پنجاب نے فوری حکم نامہ جاری کر دیا۔ غیر رجسٹرڈ ڈرون کے استعمال کو امن وامان کیلئے خطرہ قرار دیا گیا ہے، ڈرونز کے ذریعے سیکیورٹی اور سرکاری امور میں (بقیہ نمبر 3 1)

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران وعملہ انسداد کوڑا کرکٹ مہم کے سلسلہ میں آگاہی واک میں شریک ہیں

گوجرخان میں گراں فروشی کا جن بے قابو

قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں

کاغذی نرخ نامے یا مذاق؟ مارکیٹ کمیٹی دفاتر تک محدود، گوجرخان کے شہری منافع خوروں کے رحم وکرم پر

ماہ صیام میں مہنگائی کا طوفان امرود، کیلا اور سیب غریب کی پہنچ سے دور، انتظامیہ کے دعوے ہوا ہو گئے

گوجرخان (قمرشہزاد) مقدس مہینے میں بھی گوجرخان کے مختلف خوردن کوٹھا ناخوف نہ آیا، شہر اور گردونواح میں گراں فروشی عروج پر پہنچ گئی۔ پھلوں اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو پر لگ گئے، جس کے باعث متوسط اور دیہاڑی دار طبقے کے لیے افطار کا سامان خریدنا خواب بن کر رہ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک شروع ہوتے ہی پھلوں کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کر دیا گیا (بقیہ نمبر 4 8)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پنجاب کا ٹنرز ایکسس فورس پر گیڈیز مظہر اقبال طلبہ میں منشیات کیخلاف آگاہی کے سلسلہ میں واک چلنج سلیبس پنجاب یونیورسٹی سے ملاقات کررہے ہیں

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 11 ملزمان گرفتار

ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ ڈھمیال اور روات کے علاقوں میں کی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 9 مقدمات درج کرکے 11 ملزمان کو (بقیہ نمبر 4 1)

تعلیمی سرگرمیوں کی بندش کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

گکھیڑ کے گاؤں چاکرآباد میں پرائمری سکول میں اساتذہ کی مسلسل غیر حاضری

لاہور: (محمد رشید احمد شاہ) تعلقہ کنہ صکوک کے یونین کونسل آکھیڑ کے گاؤں چاکرآباد، محمد مراد بگھار میں قائم گین پرائمری اسکول کے طلبہ نے اساتذہ کی مسلسل غیر حاضری اور تعلیمی سرگرمیوں کی بندش کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ طلبہ ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھائے تھے جن پر اساتذہ کی حاضری یقینی بنانے اور فوری فوٹس لینے کے مطالبات درج تھے۔ احتجاج کرنے والے طلبہ کا کہنا تھا کہ کئی ماہ سے اسکول میں اساتذہ باقاعدگی سے حاضر (بقیہ نمبر 4 2)

راولپنڈی: وارث خان پولیس کی کارروائی، زیر حراست فردسے برآمد ہونے والی چرس

چوآسیدن شاہ میں انسدادِ کوڑا کرکٹ مہم

اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد اقبال کی قیادت میں آگاہی واک

صاف ماحول ہم سب کی ذمہ داری انتظامیہ کا عملی اقدامات اور سخت نگرانی کا اعلان

چوآسیدن شاہ (نادر شہزاد) محمد اقبال کی زیر صدارت چوآسیدن شاہ میں انسداد کوڑا کرکٹ مہم کے سلسلے میں ایک منظم اور پُرجوش آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں سرکاری افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان تاجر برادری اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کرکے صاف ستھرے ماحول کے عزم کا اعادہ کیا۔ واک کے دوران شرکاء نے صفائی اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق شعور بیدار کرنے کے لیے بینرز اور پلے کارڈز اٹھائے تھے جبکہ مختلف مقامات پر شہریوں میں آگاہی پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کی بنیاد صاف ماحول ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے انتظامیہ اور عوام کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے شہریوں (بقیہ نمبر 4 3)

70 ہزار سے زائد آبادی کے لیے صرف دو بینک

گیھڑ میں اے ٹی ایم مشینوں کی خرابی شہریوں کے لیے عذاب، مرید برانچ کا مطالبہ

گیھڑ میں اے ٹی ایم مشینوں کی خرابی شہریوں کے لیے عذاب، مرید برانچ کا مطالبہ گیھڑ (مرفراز عباس) ضلع جہلم کے دوسرے بڑے تجارتی و سیاسی شہر گیھڑ میں تقریباً 70 ہزار سے زائد آبادی کے لیے صرف دو بینک اور چھ دو اے ٹی ایم مشینیں موجود ہیں، جو اکثر خراب رہتی ہیں۔ بینکاری سہولیات کی یہ کمی شہریوں کے لیے سنگین مسئلہ اختیار کر چکی ہے۔ پرانی اور ناکارہ مشینوں پر بارہا Out of Service کا نوٹس لگا دینا کسی کا مستقل حل نہیں۔ گیھڑ میں سرکاری و نجی ٹیکسز میں کام کرنے والے سینکڑوں (بقیہ نمبر 4 4)

تصویر: ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کمزور پاورٹرانسمیشن نظام صارفین کیلئے بجلی مہنگی کررہا ہے

کے الیکٹرک کے این ٹی ڈی سی سے کمزور وایلاسستی قومی بجلی کی فراہمی میں رکاوٹ ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کہا ہے کہ پاکستان کا کمزور پاورٹرانسمیشن نظام صارفین کے لیے بجلی مہنگی کر رہا ہے۔ جاری بیان کے مطابق نیپرا نے مالی سال 2024-25 کی ٹرانسمیشن پرفارمنس ایولیوایشن رپورٹ میں انتباہ دیا ہے کہ ایولوایشن رپورٹ میں انتباہ دیا ہے کہ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی کا کنٹرول اور لوڈ گرڈ اسٹیشنز، ٹرانسمیشن لائنز اور پاور ٹرانسفارمرز کا کوئی بھی حصہ کمزور ہے تو پورا نظام متاثر ہوتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کے الیکٹرک کے این ٹی ڈی سی سے کمزور وایلاسستی (بقیہ نمبر 4 5)

رہزن امرال پولیس کی کارروائی، زیر حراست افراد سے اوپر سی رقم موبائل فون زنداور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی پولیس کی کامیاب کارروائی 6 جواری گرفتار

داؤ پر لگی رقم 21 ہزار، 4 موبائل فونز، تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) رہزن امرال پولیس نے 6 جواری گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم 21 ہزار 200 روپے، 04 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق رہزن امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جوا کھیلنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضے سے چھینا گیا موبائل فون اور مسروقہ رقم 21 ہزار 500 روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مورگاہ پولیس نے داؤ پر لگی رقم 21 ہزار 200 روپے سے اضافہ کیا گیا ہے۔ شہریوں کا بنیادی سوال یہ ہے کہ صفائی ڈیوٹی پر مامور فرنٹ لائن بلدیاتی اسٹاف کے لیے سوالیہ نشان بن چکا ہے، جہاں صاف ستھرا پنجاب پروگرام سے وابستہ ایک ایک ملازم کی روزانہ کی محنت کش رکشہ ڈرائیور کے شہری ہوا تھا کہ اس کی روزی روٹی پر ضرب لگائی اور خوابیں سحاریوں کے سامنے اس کی عزت نفس مجروح کیجو باقاعدہ قانون سے نہیں، (بقیہ نمبر 3 9)

بچے کیساتھ جنسی زیادتی کے مقدمے میں ملزم کو عمر قید کی سزا

چکوال (این این آئی) چکوال پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث بچے کے ساتھ جنسی زیادتی کے مقدمے میں ملزم کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیرنگرانی چکوال پولیس کی بچے کے ساتھ جنسی زیادتی کے مقدمہ میں موثر تفتیش، معزز عدالت کے سزا کا فیصلہ سنادیا۔ ڈی پی او چکوال کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی لیگل کی زیرنگرانی تھانہ گھگھیار کے انوسٹی گیشن آفیسر (بقیہ نمبر 4 9)

چکوال، منشیات کے مقدمے کے ملزم عدم ثبوت کی بنا پر بری

چکوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فرزانہ شہزاد خان نے منشیات کے مقدمے کا ملزم عدم ثبوت کی بنا پر بری کردیا۔ چکوال تھانہ گھگھیار پولیس نے دوران گشت وسائل کے رہائشی غالب شہزاد علم خان حسین کو مشکوک جانتے ہوئے تلاشی لی اور اس کے قبضہ سے 2045 گرام چرس برآمد کرنے کا دعویٰ کیا تھا، پولیس نے ملزم کے خلاف (بقیہ نمبر 50)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کا فروٹ وسبزی منڈی چکوال کا منڈی میں روزانہ کی بنیادوں پر نگرانی کا عمل مزید مؤثر بنایا

چکوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل بلال بن عبدالحفیظ نے آج فروٹ وسبزی منڈی چکوال کا دورہ کیا اور وہاں ہونے والی پھلوں و سبزیوں کی بولی کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیکرٹری ودیگر افسران مارکیٹ کمیٹی بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے بلدیاتی عمل کی شفافیت، حسب طلب دستیابی اور اشیائے خوردونوش کے (بقیہ نمبر 5 1)

عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے

عوامی مسائل کا فوری حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی چکوال

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی چکوال کے تحت عوام کو تیز رفتار ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے اور عوام کو اپنے مسائل کی نشاندہی کے لئے ضلعی انتظامیہ کی طرف سے آسان رسائی دی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بات دفتر میں آئے ہوئے لوگوں کے مسائل سننے (بقیہ نمبر 5 2)

جبر مخالف مہم ڈی جی این سی سی آئی اے کو کارروائی کی ہدایت

لگتا ہے این سی سی آئی اے صرف امیر یوٹیوبرز کے خلاف کارروائیاں کرتا ہے، جسٹس علی ضیاء باجوہ

عدلیہ کی توہین میں ملوث 11 ملزمان کو گرفتار کیا، ڈی جی این سی سی آئی کا عدالت کے روبرو جواب

راولپنڈی: نیل لاڈ وقت پیدا ہونے والے جڑواں بچے ابراہیم اور اسماعیل، اٹلانٹا مرسٹ آئی ہسپتال میں ہونے والے کامیاب اور زندگی بدل دینے والے علاج کے بعد مکمل طور پر صحت یاب ہو گئے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے کو سوشل میڈیا پر خوفناک جھوٹ پھیلانے والوں کے خلاف بلا تفریق کارروائی کرنے کی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ نے جسٹس علی ضیاء باجوہ نے پرویز الٰہی بھدری درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ڈی جی این سی سی آئی اے، ڈی جی پی ٹی اے عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدلیہ کے خلاف مہم چلانے والوں کے خلاف کارروائیاں کیوں نہیں ہوئیں؟ لگتا ہے کہ این سی سی آئی (بقیہ نمبر 5 3)

چکوال، دو منشیات فروش گرفتار

چکوال (این این آئی) سٹی پولیس چکوال نے کارروائی میں دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ چکوال انسپکٹر سید عاطف رضا سب انسپکٹر عقیل احمد نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی میں منشیات فروش ہاویں محمد دلاور مس دلاور مس الاسلام سکنہ موتی بازار کو گرفتار کرکے اسے قبضہ سے 1 کلو 200 گرام چرس برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا۔ دوسری کارروائی میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر عدیل شہزاد نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی میں منشیات فروش باز خان (بقیہ نمبر 5 4)

منہگائی اور منافع خوروں کیخلاف پٹیاد بائیکورٹ میں درخواست دائر

پٹیاد (این این آئی) رمضان المبارک میں بیدمتی ہوئی مہنگائی کے خلاف پٹیاد بائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست میں سیکرٹری فوڈ سیکورٹی، سیکرٹری منسٹری آف فوڈ اور چیف سیکرٹری اور کمشنر پٹیاد کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ رمضان کے مہینے میں مہنگائی میں اضافہ ہوگیا ہے، مہنگائی کے باعث بنیادی اشیائے خوردونوش خریدنا مشکل ہوگیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ متعلقہ ذمہ (بقیہ نمبر 5 7)

سی ٹی او راولپنڈی نے زخمی ٹریفک وارڈن کی عیادت کی

مالی امداد کیساتھ محکمانہ طور پر بہترین علاج معالجہ کی یقین دہانی کروائی

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی ٹریفک وارڈن کی عیادت کیلئے ہسپتال پہنچ گئے ٹریفک وارڈن کی تیمارداری اور مالی امداد کی کی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرمان اکرم زخمی ٹریفک وارڈن سیفٹین کی (بقیہ نمبر 5 5)

موٹر پولیسنگ، منشیات سپلائر کو 9 سال قید و جرمانے کی سزا

مجرم کو قرار واقعی سزا ملنے پر سی پی او کی اور تفتیشی ویلگل ٹیموں کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات کے مقدمہ میں منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق منشیات کے مقدمہ میں معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم دلدار کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی، مجرم سے 1 کلو 390 گرام (بقیہ نمبر 56)

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے صدر سید فیصل اسلام کھوکھر تھیلیمان رمضان کا ڈسٹرکٹ آفس ملاسہ اقبال ٹاؤن میں رمضان تھیلیمان کا دراد رعلماء کے ارام میں امزاز تقسیم کررہے ہیں

سرکاری ملازمین کے پنشن رولز میں اہم ترامیم نوٹیفکیشن جاری

رضاکارانہ ریٹائرمنٹ کیلئے نئی شرط عائد، 25 سال کی کوالیفائنگ سروس کے ساتھ 55 سال عمر کی حد بھی لازم

ترامیم کا مقصد پنشن نظام میں شفافیت اور نظم وضبط لانا ہے، نوٹیفکیشن میں واضح ہے کہ ترامیم فوری طور پر نافذ العمل ہوں گی

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے سرکاری ملازمین کے پنشن رولز میں ترامیم کرکے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس میں رضاکارانہ ریٹائرمنٹ کیلئے نئی شرط عائد کی گئی ہے۔ اب 25 سال کی کوالیفائنگ سروس کے ساتھ 55 سال عمر کی حد بھی لازم ہے، رضاکارانہ ریٹائرمنٹ 25 سال سروس یا 55 سال عمر جو بھی بعد میں ہو کے اصول پر ہوگی۔ جبری ریٹائرمنٹ عمر میں 20 سال کوالیفائنگ سروس پر پنشن معلومات سے قواعد پورا ہوں گے۔ موخوطی یا سی کیٹرک کے کیسز میں (بقیہ نمبر 5 8)

دو منشیات سپلائر کو 23 سال قید و جرمانے کی سزا

سی پی او کی ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی ویلگل ٹیموں کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات کے مقدمات میں دو منشیات سپلائرز کو مجرمی طور پر 23 سال قید اور 4 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم عمران کو 14 سال قید اور 04 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی، مجرم سے 5 کلو 100 گرام چرس برآمد ہونے پر قانونی کارروائی پولیس نے اپریل 2025 میں گرفتار کیا تھا، مجرم توصیف کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی، مجرم سے 2 کلو 240 گرام چرس برآمد ہونے پر قانونی کارروائی پولیس نے فروری 2023 میں گرفتار کیا تھا، مخصوص شواہد اور مقدمات کی موثر (بقیہ نمبر 5 9)

مارکیٹ سے بہترین انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL database
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

وزیراعلیٰ پنجاب فوری نوٹس لیں اختیار کی یہ لغزش برداشت نہیں

ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ جواب دیں: قانون کس کے ہاتھ میں ہے؟

صاف ستھرا پنجاب یا گلوبٹ گلچر؟ خدمت کے نام پر تحقیر کب تک؟ سرکاری اختیار خدمت کی علامت رہے، خوف اور غرور کی نہیں

چوآسیدن شاہ (نادر شہزاد) تحصیل چوآسیدن شاہ میں صفائی کے نام پر شہریوں کو اذیت دلانا واقعہ انتظامی ساکھ کے لیے سوالیہ نشان بن چکا ہے، جہاں صاف ستھرا پنجاب پروگرام سے وابستہ ایک ملازم کے ہمراہ ایک محنت کش رکشہ ڈرائیور کے شہری ہوا تھا کہ اس کی روزی روٹی پر ضرب لگائی اور خوابیں سحاریوں کے سامنے اس کی عزت نفس مجروح کیجو باقاعدہ قانون سے نہیں، ذاتی مزاج سے اخذ کیا گیا ہے۔ شہریوں کا بنیادی سوال یہ ہے کہ صفائی ڈیوٹی پر مامور فرنٹ لائن بلدیاتی اسٹاف کے لیے سوالیہ نشان بن چکا ہے، جہاں صاف ستھرا پنجاب پروگرام سے وابستہ ایک ملازم کے ہمراہ ایک محنت کش رکشہ ڈرائیور کے شہری ہوا تھا کہ اس کی روزی روٹی پر ضرب لگائی اور خوابیں سحاریوں کے سامنے اس کی عزت نفس مجروح کیجو باقاعدہ قانون سے نہیں، (بقیہ نمبر 3 9)

سوات، مختلف واقعات میں 3 افراد جاں بحق، ایک زخمی

سوات (این این آئی) حالیہ 24 گھنٹوں میں سوات کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے واقعات میں 3 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہوا، پولیس اور رسکیو 1122 کام نے تصدیق کی ہے۔ خوازہ خیلہ کے علاقے باغ ڈھیر میں ایک تیز رفتار کار نے نوجوان کو گھر مار دی، جس کے نتیجے میں ایک کو نوجوان جاں بحق اور ایک ذخمی ہو گیا۔ ریسکیو ٹیم نے فوری طور پر اس ہسپتال منتقل کی جبکہ ذخمی کو بھی امداد کے لیے ہسپتال لے جایا گیا۔ پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ اسی دوران کالام کے علاقے اتروڑ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق ہوا۔ پولیس نے لاش کو ہسپتال منتقل کر کے نامعلوم (بقیہ نمبر 4 0)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پیلہ شر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035